فوری ریلیز کے لیے: 26/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے ایشیائی امریکی، ہوائی کے مقامی باشندوں، اور بحرالکاہل کے جزائر کے باشندوں کے ورثے کے مہینے کے جشن کے حوالے سے اعلامیہ جاری کیا ہے

یہ اعلامیہ مئی کو ایشیائی امریکی، ہوائی کے مقامی باشندوں، اور بحرالکاہل کے جزائر کے باشندوں کے ورثے کا مہینہ قرار دیتا ہے

AANHPI ورثے کے مہینے کے جشن میں آج شام، 26 مئی کو 16 ریاستی اہم مقامات پر سرخ اور سنہری رنگوں میں چراغاں کیا جائے گا

اعلامیہ یہاں دیکھیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ایک اعلامیہ جاری کیا جس میں مئی کو ایشیائی امریکی، ہوائی کے مقامی باشندوں، اور بحرالکاہل کے جزائر کے باشندوں کے ورثے کا مہینہ قرار دیا گیا۔ گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے نیو یارک کے 16 ریاستی اہم مقامات پر آج شام، بروز پیر، 26 مئی کو سرخ اور سنہری رنگوں میں چراغاں کرنے کی ہدایت دی، تاکہ نیو یارک کی AANHPI کمیونٹیز کی ثابت قدمی اور کامیابیوں کا جشن منایا جا سکے۔

"آج، ہم AANHPI ورثے کے تقریباً دو ملین افراد کا جشن منا رہے ہیں جو نیو یارک کو اپنا گھر کہتے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "جب ہم اپنے ایشیائی امریکی، ہوائی کے مقامی باشندوں، اور بحرالکاہل کے جزائر کے باشندوں سے تعلق رکھنے والے پڑوسیوں، رفقائے کار، اور دوستوں کی کامیابیوں، خدمات، اور بھرپور تاریخ کا جشن منا رہے ہیں، تو ہم ایک ایسے نیو یارک کی تعمیر کے لیے اپنے عزم کا بھی اعادہ کرتے ہیں جہاں AANHPI کمیونٹی کا ہر فرد یہ محسوس کرے کہ وہ محفوظ اور قابلِ قدر ہے، اس کی رائے سنی جاتی ہے، اور وہ عزیز و محترم ہے۔"

آج شام درج ذیل 16 اہم مقامات پر سرخ اور سنہری رنگوں میں چراغاں کیا جائے گا:

- ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر (One World Trade Center)
- گورنر ماریو ایم کیومو برج (Governor Mario M. Cuomo Bridge)
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیئرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج ("Franklin D. Roosevelt" Mid-Hudson Bridge)
- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ
- البنی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے

- Penn - MTA LIRR سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے (MTA LIRR - East End Gateway at Penn Station)
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل (Fairport Lift Bridge over the Erie Canal)
- مائنیہان ٹرین ہال (Moynihan Train Hall)
- روزویلٹ آئی لینڈ لائٹ ہاؤس (Roosevelt Island Lighthouse)

نیو یارک کے AANHPI شہریوں کی معاونت کے لیے گورنر کے عزم کے بارے میں مزید معلومات دیکھیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں